نام کتاب :۔ تحفۂ دلہا ۔ جمع وترتیب :۔ مولانا محمد حنیف عبدالجید ۔ صفحات :۔ ۲۷۲ قیمت ۱۲ روپے
ناشر :۔ زم زم پبلیشرز جنید مینشن ڈی میلو روڈ بزنس روڈ کراچی نمبرا

شریعت اسلامیہ میں ازدواج یعنی میاں بیوی کے باہمی رشتے میں دونوں جانب سے ایک دوسرے پر کچھ حقوق واجب ہوتے ہیں ۔ اگر ان حقوق کی پاسداری کیجائے تو گھر جنت کا نمونہ بن جاتا ہے ۔ زیر تبصرہ کتاب میں ایک مرد پر شوہر ہونے کی حیثیت سے عائد ہونے والی اسلامی ذمہ داریوں کی نشاندہی ، بیوی کے حقوق ادا کرنے کی ترغیب اس کے ساتھ سدا نبھانے کے اصول اس سے محبت اس کی ساتھ حسن سلوک اس کی خامیوں سے درگزر لطیف ترکیبیں اور اس کو اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں سے بچانے اور اس کے ذریعہ رشتہ دار اور محلہ کی عورتوں کو پورے پورے دین پر عمل کروانے کی فکر دلانے والے مضامین شامل ہیں ۔ کتاب ظاہری اور باطنی دونوں لحاظ سے انتہائی دیدہ زیب اور مفید ہے ۔ بہترین طباعت خوبصورت جلد اور غلطیوں سے پاک کمپوزنگ یہ کتاب ہر مسلمان گھرانے اور ہر لائبریری میں رکھنے کے قابل ہے ۔

کتاب کا نام :۔ نایاب موتی ۔ مولانا احمد علی لاہوریؒ کے خودنوشت خطبات ۔
مرتب :۔ مولانا انیس الرحمن اطہر قادری ۔ صفحات :۔ ۱۷۲ ۔ قیمت ۶۶ روپے ۔
ناشر :۔ انجمن خدام الاسلام حنیفہ قادریہ باعبانپورہ لاہور ۔

زیر تبصرہ کتاب شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہوریؒ کے چند مواعظ اور خطبات کا مجموعہ ہے ۔ آپکی اصلاحی مساعی میں خطاب جمعہ کو بڑی اہمیت حاصل رہی ۔ آپ عموماً منگل کو اپنے خیالات قلمبند فرماتے دو تین روز اس پر مزید غور فرمانے کے بعد اجتماع جمعہ کے سامنے بڑے درد دل کے ساتھ اپنے یہ افکار پیش فرماتے ۔ حضرت رحمہ اللہ کے یہ مواعظ قبل ازیں مختلف صورتوں میں شائع ہوچکے ہیں ۔ لیکن زیر تبصرہ مجموعہ کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں شامل تمام مواعظ حضرت کے اپنے سواد تحریر میں ہیں جن سے مقصود یہ ہے کہ حضرت کے خطبات انہی کے خط میں عوام تک پہنچادیئے جائیں تاہم مزید سہولت کیلئے آخر میں ان خطبات کی کمپوزنگ بھی شامل کی گئی ہے ۔ حضرت نے کتاب نقش حیات سے استخلاص وطن کی تحریک کے بارے میں اپنی یاداشت کیلئے کچھ باتیں تلخیص کے ساتھ نوٹ کی تھیں سوادخط کی مناسبت سے وہ بھی داخل مجموعہ ہیں ۔ کتاب صوری اور معنوی دونوں اعتبار سے بہت بہتر ہے ۔